
# 14 روپے اور پیسے












* کاغذ کی ایک شیٹ لیں اور اس کو بیچ سے موڑیں اور کھول لیں۔
* دونوں کونوں 'A' اور 'B' کو اس طرح موڑیں کہ وہ نقطوں والے خط پر ملیں۔
* اب کاغذ کی شیٹ کچھ اس طرح دکھائی دے گی۔
* کاغذ کی شیٹ کے اوپری حصّے کو پیچھے کی طرف موڑیں تاکہ شیٹ کا پچھلا حصّہ کچھ ایسا دکھائی دے اور آگے کا حصّہ کچھ ایسا دکھائی دے۔





* کاغذ کی شیٹ کے آگے والے حصّے کو اوپر رکھیں اور AB اور DC والے کنارے کو اس طرح موڑیں کہ وہ نقطوں والی خط پر مل سکیں۔




اب یہ کچھ ایسا نظر آئے گا۔

© NCERT not to be republished

* اوپری حصّہ کو نقطوں والے خط کے برابر موڑیں جس سے یہ کچھ اس طرح کا دکھائی دے۔



* پیچھے کے فلیپ کو نیچے موڑیں۔ اب پیسے رکھنے کے لیے بٹوا تیار ہو گیا۔






## اپنے بٹوے کے لیے پیسے

- الگ الگ سکّوں کو اکٹھا کیجیے۔
- ایک سکّے کو کسی ٹھیک سی جگہ پر رکھیے اور اس پر ایک پتلا کاغذ رکھیے۔
- ایک ہاتھ سے کاغذ کو کھینچ کر (تان کر) پکڑیئے۔
- پنسل کی نوک کو کاغذ کے اوپر کے حصّے پر گھسیے۔
- دھیرے دھیرے سکّے کی چھاپ کاغذ پر اُبھر آئے گی۔
- چھپے ہوئے کاغذ کے سکّے کو کاٹ کر باہر نکال لیے اور اپنے بٹوے میں رکھیے۔



© NCERT not to be republished

اب کاغذ کو کاٹ کر کچھ نوٹ بنائیے اور ہر نوٹ پر اس کی قیمت لکھیے۔



## پیسے کا کھیل

★ نوٹوں اور سکّوں کا استعمال کرتے ہوئے نیچے دی گئی رقم دکھائیے (اپنے بنائے ہوئے) کچھ پیسے آپ اپنے بنائے ہوئے بٹوے میں بھی رکھ سکتے ہیں



– چھبیس روپے

– 4 روپے 75 پیسے

– 78 روپے



– 130 روپے

– 8 روپے 75 پیسے

– 53 روپے



ہر تصویر میں نوٹوں اور سکّوں سے دکھائی گئی رقم کو لکھیے۔



ایک سو ایک روپے









© NCERT not to be republished

# خریداری




یہاں چلیں، اس اسٹور میں اپنے آپ ہی سامان اٹھا کر خریدنا ہے۔

**A. بغیر پنسل اور کاغذ کا استعمال کیے ہوئے قیمت کا پتہ لگاؤ:**

- ایک گیند اور ایک کھلونا گاڑی ____ روپے
- ایک کاپی اور دو پینسلیں ____ روپے
- دو کیلے اور ایک گلاس دودھ ____ روپے
- ایک گڑیا اور ایک گیند ____ روپے
- ایک گلاس نیبو پانی اور ایک بسکٹ ____ روپے

© NCERT not to be republished

B. کل قیمت معلوم کیجیے:

* ایک کھلونا زراف، ایک کاپی اور ایک گلاس نیبو پانی ــــــ روپے
* ایک گلاس دودھ، ایک پیکٹ بسکٹ اور ایک کیلا ــــــ روپے
* ایک کاپی، دو پینسل اور دو ربر ــــــ روپے
* دو لڈو، تین ٹافیاں اور دو کیلے ــــــ روپے

C. اگر آپ کے پاس 20 روپے کا نوٹ ہے تو آپ کیا کیا خرید سکتے ہیں۔

* کھلونا گاڑی، 1 گلاس نیبو پانی، 1 کیلا
* ــــــــ، ــــــــ،
* ــــــــ، ــــــــ،
* ــــــــ، ــــــــ،
* ــــــــ، ــــــــ،

رسید

سیلف سروس اسٹور

| سامان | درفی سامان | روپے | پیسے |
|---|---|---|---|
| | | | |
| | کل | | |




D. آپ نے جن چیزوں کو خریدا اُن کی ایک رسید بنانی ہے۔

اس سے پہلے کہ ہم اس کو جوڑیں اس کا اندازہ لگائیے کہ آپ کو کتنے پیسوں کی ضرورت ہوگی۔ اس کے بعد معلوم کیجیے کہ کل کتنے پیسے ہوئے اور دیکھئے آپ کو کتنے پیسوں کی ضرورت ہوگی۔ اس کے بعد معلوم کیجیے کہ کل کتنے پیسے ہوئے اور دیکھئے کہ آپ کا اندازہ کتنا صحیح تھا۔

© NCERT not to be republished

مونو نے نیچے دی گئیں رسیدیں تیار کیں۔ ان رسیدوں کی جانچ کیجیے اور اگر ان میں آپ کو کوئی غلطی دکھائی دے تو اس کو ٹھیک کیجیے۔

**رسید**
**سیلف سروس اسٹور**

| سامان | در فی سامان | پیسے | روپے |
|---|---|---|---|
| 1 گیند | 7 | 00 | 7 |
| 3 پینسلیں | 2.50 | 50 | 7 |
| 5 ٹافیاں | .50 | 50 | 2 |
| | کل | 00 | 17 |

**رسید**
**سیلف سروس اسٹور**

| سامان | در فی سامان | پیسے | روپے |
|---|---|---|---|
| 1 کھلونا گاڑی | | 00 | 15 |
| 3 گلاس دودھ | 3.50 | 05 | 10 |
| 4 کاپیاں | | 00 | 20 |
| | کل | 05 | 45 |

**رسید**
**سیلف سروس اسٹور**

| سامان | در فی سامان | پیسے | روپے |
|---|---|---|---|
| 1 کھلونا گاڑی | 6.50 | 50 | 6 |
| 3 پینسلیں | 2.50 | 50 | 7 |
| 7 ٹافیاں | 0.50 | 50 | 3 |
| 1 بسکٹ | 4.50 | 50 | 4 |
| | کل | 00 | 22 |

* انھیں جوڑیے:

c) 30.00 روپے + 31.50 روپے = ______

b) 55.50 روپے + 14.00 روپے = ______

a) 12.50 روپے + 13.00 روپے = ______

* انھیں گھٹائیے:

c) 14.40 روپے − 7.00 روپے = ______

b) 103.50 روپے − 62.00 روپے = ______

a) 25.50 روپے − 11.50 روپے = ______

E. آپ کے پاس 30 روپے ہیں۔ اگر آپ مندرجہ ذیل سامان کو خریدتے ہو تو آپ کے پاس کتنے پیسے بچیں گے؟



* ایک گیند، ایک گڑیا اور ایک کھلونا ژراف
  کل قیمت ______ پیسے بچے ______
* دو کیلے، ایک پیکٹ بسکٹ اور دو گلاس نیبو پانی
  کل قیمت ______ پیسے بچے ______

© NCERT not to be republished

* تین کا پیاں، دو پینسل اور دو ربر

کل قیمتیں ــــــ پیسے بچے ــــــ



## مشق کا وقت

A. تین دوست مل کر کرکٹ کا ایک بلّا اور گیند خریدنا چاہتے ہیں۔
بینا کے پاس 48.50 روپے، رمن کے پاس 55.50 روپے اور وینو کے پاس 38.50 روپے ہیں۔ کل ملا کر ان کے پاس کتنے روپے ہیں؟






B. ہری نے 62.50 روپے کا ریل کا ٹکٹ لیا۔ اس نے 100 روپے کا نوٹ دیا۔ اس کو ٹکٹ کے ساتھ کتنے روپے واپس ملیں گے۔

C. گیتا اپنے دوستوں کے ساتھ بازار گئی۔ اس نے 58 روپے، 37 روپے اور 22 روپے کا سامان خریدا۔ گیتا کے پاس 100 روپے کا نوٹ ہے۔ اس کو بل ادا کرنے کے لیے اپنے دوستوں سے اور کتنے پیسے لینے ہوں گے؟





© NCERT not to be republished

## ممبئی خبرنامہ

## کارخانہ سے بچوں کو چھڑایا گیا



ایک چوڑی بنانے والے کارخانہ کے کام کرنے والے 10 چھوٹے بچوں کو آج چھڑایا گیا۔ اخبار کے رپورٹر اور پولیس نے ان کا وہاں برا حال دیکھا۔ کارخانہ میں بچوں سے کافی مشکل کام کروائے جاتے تھے۔ انھیں ایک دن میں صرف 20 روپے ملتے تھے۔

بچے اپنے گاؤں کے گھر میں واپس جاکر بہت خوش ہوئے۔ وہ ایک خاص اسکول میں جائیں گے تاکہ وہ اپنی عمر کے دوسرے بچوں کی طرح پڑھنا لکھنا سیکھ سکیں۔ بچوں سے اس طرح کام کروا کر کارخانے کا مالک اپنا پیسہ بچا رہا تھا۔ اب پولیس اپنا کام کرے گی۔



چلئے دیکھتے ہیں کہ کارخانے کے مالک نے کتنے پیسے بچانے کی کوشش کی

1 آدمی کو کام کے لیے ملنے چاہئیں = 513 روپے روزانہ

1 بچے کو دیئے گیے = 80 روپے روزانہ

1 آدمی پر کارخانے والے نے بچائے ـــــ - 513 روپے = 433 روپے روزانہ

10 آدمی پر کارخانے والے نے بچائے

433 × 10 روپے = ـــــ روپے روز

### معلوم کیجئے

آپ کے علاقے میں کیا ایسی دوکانیں اور کارخانے ہیں جہاں چھوٹے بچے سے کام کروایا جاتا ہے؟


ان میں سے کچھ بچوں سے بات کیجئے؟

انھیں وہاں کتنے پیسے ملتے ہیں؟

ضروری نہیں ہے کہ پیسے کی سمجھ صرف خریدنے اور بیچنے کو ہی لے کر ہو۔ ٹیچر اس سے جڑے ہوئے مسئلوں پر بچوں کے اپنے تجربات کے بارے میں بات کر سکتے ہیں جیسے مزدوری اور کام وغیرہ۔




© NCERT not to be republished




## ریل کا سفر

یہ ریل نیوجلپائی گوڑی سے گوہاٹی تک جاتی ہے۔
راستے میں یہ نیامال، علی پوردوار اور گوال پاڑہ اسٹیشنوں پر رکتی ہے۔
الگ الگ اسٹیشنوں کے لیے ریل کے ٹکٹ کی قیمتیں نیچے جدول میں دکھائی گئی ہیں۔

| کرایہ (روپے میں) | اسٹیشن | نیوجلپائی گوڑی سے دوری (کلومیٹر میں) |
|---|---|---|
| 12.50 | نیومال | 57 |
| 28.00 | علی پوردوار | 175 |
| 49.50 | گوال پاڑہ | 366 |
| 62.50 | گوہاٹی | 495 |




© NCERT not to be republished

## فاصلہ معلوم کیجیے:

A. نیو مال سے گوہاٹی تک ______

B. نیو مال سے گوال پاڑہ کے بیچ ______

C. علی پوردوار سے گوہاٹی تک ______

D. نیو مال سے علی پوردوار کے بیچ ______

E. گوال پاڑہ سے گوہاٹی تک ______

## ٹکٹ کی قیمت معلوم کیجیے:

A. بھوپین کو نیو جلپائی گوڑی سے علی پوردوار جانا ہے۔ اس کا ٹکٹ کتنے کا ہوگا؟

B. اندرا کو نیو جلپائی گوڑی سے گوال پاڑہ جانا ہے۔ اس کے ٹکٹ کے لیے کتنے پیسے دینے ہوں گے؟

C. دیبو، سیما اور گوبند نیو جلپائی گوڑی سے نیو مال تک جا رہے ہیں۔ تین ٹکٹوں کے لیے انھیں کتنے پیسے دینے ہوں گے؟ انھوں نے پچاس روپے کا نوٹ دیا۔ انھیں کتنا پیسہ واپس ملے گا۔

ارے واہ! ہمیں ہماری ریل کے ٹکٹ مل گئے۔







© NCERT not to be republished

# کاٹنے کے لیے ایک صفحہ


5 ٹکڑوں والا ٹنگرام (صفحہ 66)




7 ٹکڑوں والا ٹنگرام (صفحہ 67)




ان ٹائلوں کو کاٹ کر نکالیے اور کارڈ پر چپکائیے۔ ہر قسم کی ٹائل کی چھاپ لے کر بہت ساری ٹائلیں بنائیے اور ان سے فرش کو ڈھکیے۔ انھیں فرش پر بچھائیے۔





انھیں کاٹ کر نکالئے اور روپے پیسے کے کھیل میں استعمال کیجیے۔

© NCERT not to be republished

© NCERT
not to be republished